बहारों के सपने

بہاروں کے سپنے

اداکاران

آشا پارکھ
راجیش کھنہ
سلوچنا

قیمت صرف دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا نمبر ۱ بہاروں کے سپنے فلم کے گانے

آجا پیا توہے پیار دوں
گوری بئیاں توپہ وار دوں
کس لئے تو اتنا اداس
سوکھے سوکھے ہونٹ انکھیوں میں پیاس
کس لئے کس لئے — جل چکے ہیں بدن کتنی
پیا اسی رات میں بجھتے ہوئے
ان ہاتھوں کو دیدے میرے ہاتھ میں
سکھ میرا لے لے میں دکھ تیرے لے لوں
میں بھی جیئوں تو بھی جئے
آجا پیا —
ہونے دے رے جو یہ ظلم پتھ تیرے گاؤں کے
پلکوں سے چن ڈالوں گی
یہ کانٹے تیرے پاؤں کے
لٹ بکھرائے چنریا بچھائے
بیٹھی ہوں میں تیرے لئے — آجا —
اپنی تو جب انکھیوں سے بہہ چلی دھار سی
کھل پڑی وہیں اک ہنسی پیا تیرے پیار کی

ہو بیتی جو نہیں ہاری سجن ذرا سوچو کیسی رے
آ جا پیا —

گانا نمبر ۲:۔ چنری سنبھال گوری اُڑی چلی جائے رے
مار نہ دے ڈنک کہیں نظر کوئی ہائے
دیکھ دیکھ پگ نہ پھسل جائے رے
پھسلے نہیں چل کے کبھی دکھ کی ڈگر پہ
ہٹ کے لگے سن دے ہم والے دل کے نگر کے
ارے ہر قدم بہک کے سنبھل جائے رے
چنری سنبھال —
کرنیں نہیں اپنی ہے باہوں کی مالا
دیپک نہیں جن میں
اُن گلیوں میں ہے ہم سے اُجالا
ارے دھول ہی پہ چاندنی کھل جائے رے
چنری سنبھال —
پل جھپن پیا اپنی
پیرا اپنا ہو کل کا سویرا
ارے رین کون سی نہ جو ڈھل جائے رے
چنری سنبھال —

گانا نمبر ۳:۔ کیا جانو سجن ہوتی ہے کیا غم کی شام
جل اُٹھے سنکو دیے جب لیا تیرا نام
کانٹوں میں میں کھڑی نینوں کے دوار پہ

بن دن بہار کے دیکھوں سپنے
چہرے کی دُھول کیا چندا کی چاندنی
اُتری تو رہ گئی مکھ پہ اپنے
کیا جانوں ———

جب سے ملی نظر ماتھے پہ بن گئے
بندیا بمن تیرے دیکھے سپنے
دھڑکیں جو پیار سے میری کلیاں
پیا تیری انگلیاں ہو گئیں کنگنا
کیا جانوں ———

گانا نمبر ۲: دو پل جو تیری آنکھیں سے پینے کو ملے
ہم تو یہ جانیں سو سال جینے کو ملے
کہیں جو ہم تو ہے ہمارے لئے
دو آنکھوں کے نیلے سہارے
یہ راتیں رُک جائیں نظارے لئے
آج ذرا مل کے جام دل چھلکے
باہوں کی ڈالی تلے
دو پل جو ———

پیاسی نگاہیں ارے کس کو دکھائیں
کہاں لے کے جائیں دنیا کے ٹھکرائے ہوئے
جانے ہم کیا ہیں ارے
سب کے لبوں پر ہنسی ہے کچھ ایسی

محفل میں کیوں آئے ہم
او صنم میرے آج ہم تیرے کوچے سے پیاسے چلے
دو دل —

گانا نمبر ۵: زمانے نے مارے جواں کیسے کیسے
زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے
پلے تھے جو کل رنگ میں پھول میں
کہیں کھو گئے راہ کی دھول میں
ہوئے دربدر کارواں کیسے کیسے
زمانے نے مارے —

ہزاروں کے تن جیسے شیشے ہوں چور
جلا دھول میں کتنی آنکھوں کا نور
ہیں چہروں پہ غم کے نشاں کیسے کیسے
زمانے نے مارے —

تھی آباد جن سے چمن کی گلی
وہ لے کر گئے خواب کی ہر کلی
ملے خاک میں گلستاں کیسے کیسے
زمانے نے مارے —

لہو بن کے بہنے دو آنسو تمام
کہ ہوگا انہیں سے بہاروں کا نام
بنیں گے ابھی آشیاں کیسے کیسے
زمانے نے مارے —

گانا نمبر ۱۱ —

او مورے ساجنا او مورے بالما
اب مدلیبا جائیو نہ
ترس ترس کے بیتے برس دِن
اور مجھے ترسیو نا

او مورے ساجنا —

جس رُت میں تم چھوڑ گئے مجھے
وہ رُت بھی ہائے رام تھی پہلی
من کی جین کا پہلا دِن تھا
برہا کی وہ شام بھی پہلی
اُسی شام کو بجھا کے دیئے
بہت روئی میں تمہارے لیے
او مورے ساجنا

میری تو دولت تم مورے بلم
جیسے رکھو گے ویسے رہوں گی
میلی چنر جب دیکھیں گی سکھیاں
ہنس دوں گی اور کچھ نہ کہوں گی
کر ہر حال میں رہوں گی مگن
تمہیں دیکھ کر جیئوں گی سجن

او مورے ساجنا —

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو ایک ایکٹر بنانا لازمی ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے تمام باتیں آسان اردو زبان میں سمجھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرسوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو

قیمت صرف ۱-۱-۱ علاوہ محصول ڈاک خرچ

اصلی پرانا کوک شاستر [باتصویر]

یہ کتاب بیش قیمت ہے۔ اور ہر ایک نوجوان کیلئے اسکا پڑھنا ضروری ہے۔ اسمیں تمام قسم کے آدمیوں اور عورتوں کی پہچان بانجھ عورتوں کا علاج۔ لڑکا لڑکی پیدا ہونے کا وقت معلوم کرنا چاندنی کس تاریخ کو عورت کے کس حصے میں کام جاگتا ہے۔ اس کی تصاویر اس کتاب کی زیادہ تعریف لکھنا قانون کے خلاف ہے۔ آج ہی منگا لیجئے ورنہ بعد میں پچھتانا پڑے گا۔

قیمت صرف ۔/۱/۴ علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب برآری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی جو نشانہ کر سکے۔ اور جگہ کہاں سہتے سہتے عاجز آ گئے ہیں۔ تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس میں درج کئے ہوئے اصولوں پر چل کر کامیابی حاصل کر لیجئے۔ اب تک اس کتاب کی لاکھوں کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اور ہزارہا حاجتمند اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف ۔/۱ علاوہ ڈاک خرچ

عملیات تسخیر قلوب

اس کتاب میں بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کر کے عورت و مرد کے دل کو اپنی مٹھی میں کرنا بالکل معمولی بات ہے۔ گرہستی زندگی کو پر مسرت بنانا بالکل سہل ہوگا۔ جو لوگ عورتوں کی زبان درازی سے تنگ آ گئے ہوں۔ وہ اس کتاب کو پڑھیں اور دیکھیں کہ ان کی روٹھی ہوئی بیویاں اور پرواہ نہ کرنے والے دل کس طرح خود بخود ان کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱۳ علاوہ ڈاک خرچ

سن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی